جدید کثرت پسند اور کثیر الثقافتی سماج (Plural & multicultural society) کی اساس بن سکے۔

المعارف کے زیرِ نظر شمارے میں ''ہند اسلامی تہذیب میں روشن خیالی کی روایت'' کے موضوع پر جناب انتظار حسین کا ایک مقالہ شامل ہے۔ یہ مقالہ اُنہوں نے سالِ رواں کے ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم یادگاری خطبہ کے طور پر ۶۔ مارچ ۲۰۱۰ء کو قائدِ اعظم لائبریری ہال لاہور میں پیش کیا تھا۔ ان سالانہ یادگاری خطبات کا اہتمام ادارہ ثقافتِ اسلامیہ، خلیفہ عبدالحکیم میموریل کمیٹی کے اشتراک سے کرتا ہے۔

ہم اس تحریر پر اور موجودہ شمارے میں شامل دیگر تحریروں پر آپ کی رائے کے منتظر ہیں۔